دوسری سہ ماہی	جماعت: دوم	مضمون: اسلامیات	سبقی منصوبہ بندی: 1
اُستاد کا نام: ______	ہفتہ: 6	تاریخ: ______	وقت: 40 منٹ
باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ		سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید	

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مختصر درود شریف مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام ضرور کرنا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

سبق کا تعارف: 10 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا نام سنا یا بولا جائے تو درود پاک پڑھنا چاہیے۔ درود شریف پڑھنے کی فضیلت حدیث شریف سے ظاہر ہے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر بکثرت درود پڑھتا ہے قیامت کے روز وہ سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔ (ترمذی)

طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 7 کھولنے کی ہدایت کریں۔
- درود شریف درست تلفّظ اور ادائی کے ساتھ پہلے خود پڑھیں پھر طلبہ کو پڑھائیں۔
- طلبہ کو تین سے پانچ بار بلند خوانی کرائیں اور ترجمہ بھی پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ پر درود پاک پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی اُن پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ (سورۃ الاحزاب، آیت: 56)

- طلبہ کو بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت کو اپنے دلوں میں پختہ کرنے کے لیے ہمیں ہمیشہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نام عقیدت و احترام سے لینا چاہیے اور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ضرور پڑھنا چاہیے۔

اعادہ: **2منٹ**

طلبہ کے ساتھ درود شریف دُرست تلفّظ سے دہرائیں۔

جائزہ: **6منٹ**

طلبہ سے مختصر درود شریف سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: نقطے ملا کر درود پاک مکمل کریں اور ترجمہ لکھیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

ترجمہ: ______________________________

____

دوسری سہ ماہی	جماعت: دوم	مضمون: اسلامیات	سبقی منصوبہ بندی: 2
اُستاد کا نام: _____	ہفتہ: 6	تاریخ: _____	وقت: 40 منٹ

بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ	سبق کا نام: حفظ و ترجمہ

حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مختصر درود شریف مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام ضرور کرنا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

سبق کا تعارف: 10 منٹ

تختہ تحریر پر درود شریف صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ لکھیں۔ کمرا جماعت میں ہر بچے سے درست تلفظ سے مختصر درود شریف سنیں۔ غلطی ہونے پر اصلاح کریں۔ بتائیں کہ جب بھی پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام سنیں یا بولیں تو مختصر درود لازمی پڑھیں۔

طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو تین سے پانچ بار مختصر درود پاک مع ترجمہ پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں درود شریف کی کثرت باعثِ خیر و برکت ہے اس کے بارے میں مختلف احادیث موجود ہیں۔
- حصرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرمائے گا۔ (مسلم شریف)

- طلبہ کو بتائیں آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے محبت ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے۔ کوئی بھی شخص اس وقت تک مسلمان نہیں ہو سکتا، جب تک وہ دنیا کی ہر چیز سے زیادہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے محبت نہ رکھے۔
- انھیں بتائیں یہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے محبت کا تقاضا ہی ہے کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم پر درود بھیجا جائے۔
- طلبہ کو درود شریف پڑھائیں اور تاکید کریں کہ روزمرہ زندگی میں درود شریف پڑھنے کی عادت اپنائیں۔

اعادہ: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دُہرائیں۔

جائزہ: **6منٹ**

طلبہ سے درود شریف زبانی سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

جماعت میں درود شریف پڑھنے کا اہتمام کریں۔

دوسری سہ ماہی	جماعت: دوم	مضمون: اسلامیات	سبقی منصوبہ بندی: 3
اُستاد کا نام: ______	ہفتہ: 6	تاریخ: ______	وقت: 40 منٹ

باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ	سبق کا نام: حفظ و ترجمہ (کلمات)

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- روز مرّہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

سبق کا تعارف: 10 منٹ

تختہ تحریر پر الحمد للہ لکھیں۔ طلبہ سے با آواز بلند پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے ہمیں ہر کام کے لیے کلمات سکھائے ہیں انھی میں سے ایک الحمد للہ بھی ہے۔

طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 8 سے کلمہ الحمد للہ مع ترجمہ پڑھوائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہمیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ اگر کسی میں کوئی خوبی یا اچھائی ہے تو اُس کا کمال نہیں ہے، بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہوتی ہے جسے چاہے جو چاہے، نواز دے۔
- طلبہ کو سمجھائیں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بہت محبت کرتا ہے اُس نے اپنے بندوں کو ڈھیروں نعمتوں سے نوازا ہے۔ ان سب کے بدلے میں وہ صرف یہ چاہتا ہے کہ اس کا شکر ادا کیا جائے۔
- طلبہ کو بتائیں شکر ادا کرنے کا بہترین طریقہ الحمد للہ کہنا ہے۔ ہمیں ہر حال میں اُٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، سوتے جاگتے، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

اعادہ: 2 منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: آپ کس کس موقع پر الحمد للہ پڑھتے ہیں؟

گھر کا کام: **2منٹ**

گھر میں چھوٹے بہن بھائیوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے کون سا کلمہ پڑھنا چاہیے۔

سرگرمی برائے طلبہ: **5منٹ**

الحمد للہ لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔